مسٹر اسپیکر - بات یہ ہے کہ بحث کے سلسلہ میں بہت سے کونسیچس ڈسکس ہوسکتے ہیں - بحث اور راج پرمکھہ کا اڈریس یہ دو ہی ایسے عنوان ہیں جنکہ گورنمنٹ پالیسی پر بحث ہوسکتی ہے - اسلئے یہ بالکل غیر متعلق تو نہیں کہی جاسکتی - دوسری چیز یہ کہ میں خود بھی اسے کافی طور پر نہ سمجھ سکا - میں ان سے یہ کہنا چاہتا ہوں کہ بحث سے متعلق اسپیچ خاص طور پر منسٹر کے لئے ہوتی ہے - اگر وہ اسے سمجھ سکیں تو انہیں جواب دینے میں آسانی ہوسکتی ہے - کل کنڑی میں تقریر ہورہی تھی - لیکن منسٹر صاحب خود کنڑی اچھی طرح سمجھ سکتے ہیں - اگر منسٹر تلنگی جانتے ہوں تو بہتر ہے اور مقصد پورا ہوسکتا ہے - اور ممبرس بھی اسکی کوشش کریں کہ انکی اسپیچ پورا ہاؤس سمجھ سکے - البتہ میں اس کے لئے کوئی قید عائد کرنا نہیں چاہتا -

ایک آنریبل ممبر - ترجمہ کیا جاسکتا ہے -

مسٹر اسپیکر - بحث پر بحث کے لئے تین دن ہی تو ہیں اس وقت میں ترجمہ وغیرہ سب کچھ کیسے ممکن ہے ؟

Dr M Channa Reddy I am afraid he is not making speech on budget Probably he is representing to the speaker that the questions and answers should be either in Hindi or Telugu Language

Mr Speaker —Let him proceed further

శ్రీ ముత్యాల నేను ఇప్పుడు మనవిచేసినది ఏమంటే ౧౦౦కి ౭౭ మందికి తెలిసినభాష ఉర్దూ, ౨౦ మందికి తెలిసినది తెలుగు ఈ రెండు రాకపోయినట్లయితే ఇంగ్లీషులో మాట్లాడాలి కాని ఉర్దూ తెలిసినవారు కూడా ఇంగ్లీషులో మాట్లాడుచున్నారు

మ॥ పరదాశ్యంబె మనింటి యాడబడుచా ?
భావింప మంత్రిత్వముల్,
చిరకాలార్జిత పెన్నిధానమటరా షేక్స్పియర్
మిల్టనుల్,
సురలోకంబును డిగ్గ దేవగణమా
శోధింపనా శాస్త్రిముల్,
సరదాకైనను నేర్వగా తగవా
గీర్వాణాంధ్ర శబ్దంబులన్,
మరి దౌర్భాగ్యము గాక ఏమిటిది
శుంభద్దంభా ఆంధ్రార్భకా!

అనే [illegible] ఏదీ [illegible] మంచికి [illegible] తున్నారు ఇక్కడ విషయాలన్ని [illegible] అత్యంతరం [illegible] ఇక్కడ [illegible] మాట్లాడవలసిన విషయాలలోకి వస్తాను [illegible] మాపాలు జరిగింది ఇప్పుడు ప్రవేశపెట్టబడిన [illegible] బడ్జెటు [illegible] గౌరవ సభ్యులు (Hon Members) [illegible] అనవసరంగా ఖర్చుపెడుతున్నారు, [illegible] అనవసరంగా ఖర్చుపెట్టుట [illegible] ప్రజలకు [illegible] అంటున్నారు [illegible] ఫారెస్టు [illegible] రులు దుర్వినియోగం చేస్తున్నారని అంటున్నారు [illegible] (CID) [illegible] ఖర్చవుతోంది? కాని ఈ శాఖవల్ల ప్రజలకు [illegible] (Sub-Inspector) ప్రభుత్వానికి వ్యతిరేకంగా ఎవరు మాట్లాడారో చూస్తూ [illegible] చేస్తున్నారు? ఎన్ని లంచాలు తింటున్నారో చూడాలి [illegible] చూడాలి మందులు, నిషావస్తువులు కలిపి అమ్ముతారంటే [illegible] ఆ విషయమై దర్యాప్తు చేస్తున్నారా? ఫారెస్టులో క్రమాలు జరుగుతున్నాయి [illegible] కాని వీటన్నింటిని తెలుసుకోడానికి [illegible] శాఖ ఎందుకు పనిచేయదు?

ఈ బడ్జెటులో ప్రజోపయోగంలేని విషయాలవిద [illegible] పెడుతున్నారు [illegible] కమ్యూనిస్టుస్కీము (Anti-communist scheme) [illegible] పెళ్ళా ఒక ప్రక్క ప్రభుత్వం కమ్యూనిస్టులమీద నిషేధంతీసివేశామన్నారు ఇంకొక ప్రక్క మళ్ళీ దీనికి మూడుకోట్లదాకా ఖర్చుపెట్ట బోతున్నారు. [illegible] వ్యతిరేకమైనా [illegible] సర్వప్రజా నాశనకర స్కీములంటే [illegible] తగ్గించాలంటే మా [illegible] మార్చుకోవాలి ప్రజారక్షణ విషయంలో మా మీద బాధ్యత ఉందంటున్నారు బాధ్యత ప్రభుత్వంమీద ఉన్నమాట నిజమే దేశంలో లంచగొండితనం, బ్లాకుమార్కెటింగు ఎక్కువై పోతోంది వీటి నిర్మూలనకు మనం ఏవిధంగా సహాయం చేస్తున్నాము? బ్లాకు మార్కెటర్లు పబ్లికుగా తెలిసిపోయినా నగ్నముగా వాళ్ళకు మళ్ళీమనం సహాయం చేస్తున్నాము

మనం ఏదైతే ప్రజలకు వ్యతిరేకంగా చేస్తుంటామో అది ఉద్రేకానికి దారితీస్తుంది ఈ విధంగా అనవసరఖర్చులు ఎక్కువవుతున్నాయి

అసలు పోలీసుమీద ఇంతఖర్చు ఎందుకు? కమ్యూనిస్టుపార్టీ ఏమిచేసింది? అరాచకానికి దారితీసేది ప్రభుత్వమేనని ఎంత లౌందరగా గుర్తిస్తే అంత మంచిదంటాను టెనెన్సీ యాక్టు అని చేశాము ౧ లక్షల కౌలుదార్లు పట్టాదారులయిపోయినారని చీఫ్‌మినిస్టరుగారు అంటున్నారు. బాధ్యతగల రెవిన్యూ అధికారుల రిపోర్టు ప్రకారం పెద్దపల్లిలో 300మంది కౌలుదార్లున్నారు గాని కౌలుదారీ రిజిష్టరులో సర్టిఫికేట్లు 300 మందిలో ౫౪ మందికే ఇవ్వబడ్డాయి ౧౯౫౦ లో చేసినవారికే రిజిష్టరులో చేర్చబడి సర్టిఫికెట్లు ఇస్తున్నారు ౧౯౫౧లో వీరిలో ౩౭ మందిని భూస్వాములు తొలగించారు. మిగిలిన ౨౭ మందిని ఈ సంవత్సరంలో తొలగించుటకు ప్రయత్నం జరుగుతోంది. కౌలుదార్లు ఏమంటారంటే మాకు సర్టిఫికేట్లు

దొరికినవి గనుక ఆ భూములు మాకిప్పించండి ౧౯౫౦ లో ఖాస్తు చేసినవారికి ఇప్పుడు సర్టిఫికేట్లిస్తున్నారు ఈ కౌలుదార్లకు భూములు కబ్జా చేసుకోవాలంటే ప్రభుత్వం తరఫున ఎటువంటి రక్షణ లేదు ఈ విషయమై కౌలుదార్లు ఏమైనా అడిగితే వీళ్ళంతా కమ్యూనిస్టు ప్రాబల్యం క్రింద పడిపోతున్నారని అంటారు ౧౯౫౦ లోని ఎట్లాలకు ఇప్పుడు సర్టిఫికెట్లు దొరుకుతున్నాయి ఈ సర్టిఫికెట్లన్నీ ఎప్పటికి అమలుపెట్టిస్తారు ? ఈ పోలీసుబలంఅంతా ప్రజల కోసమే అంటారు గాని కౌలుదార్లకు కబ్జా చేయించుటలో ఎంతవరకు ఉపయోగ పడ్డారు? ఈ హక్కులకు ప్రజలు ఎంత పెనుగపెడుతున్నా ప్రభుత్వ వ్యతిరేకులనీ, కమ్యూనిస్టులనీ వారిని అంటున్నారు కమ్యూనిస్టు అనే పదమునకు మీ డిక్షనరీలో ఏమిఅర్థమున్నదో తెలియడంలేదు ఈ విధంగా కౌలుదార్ల సహాయం కావాలంటూంటే వాళ్ళకు హక్కులు కలుగజేస్తు పోలీసులు సహాయపడటం అవసరమై వుంది గాని ఆవిధంగా తోడ్పడకుండా అరాచకాన్ని ఎక్కువ చేయడానికి అధికారులు పోలీసులను ఉపయోగిస్తూ రెండవప్రక్క వారు (కౌలుదార్లు) అల్లరి చేస్తున్నారు కాబట్టి, కమ్యూనిస్టు ప్రాబల్యంక్రిందకు పోకుండా చేయడానికి మనవద్ద పోలీసు ఎక్కువగా వుండాలని ఒక విధమైన కుట్ర జరుపుతూ (ప్రభుత్వం) ప్రచారం చేస్తున్నారు

ఈ బడ్జెటులో పోలీసుకు మీరు ఎంతకావాలని అడుగుచున్నారో అందులో సగానికంటె ఎక్కువగా తగ్గించుటకు వీలున్నది గాని దానిని సమర్థిస్తూ ఇంకా ఎక్కువ చేయుటకు ప్రయత్నిస్తున్నారు ఇంకా ఈవిషయంలో ఎక్కువ చెప్పనవసరం లేదు

నిన్న మన గౌరవసభ్యుడు వ్యవసాయ కూలీల విషయంలో చెప్పినట్లు వారు ౨౪ గంటలు కష్టము చేయుదురు కాబట్టి అట్టివారిని దృష్టిలోపెట్టుకొని ఇక్కడ వారి ప్రతినిధులు ఏమి చేస్తున్నారు ? ౨౪ గంటలూ కష్టముచేసేరైతులున్నారు వాళ్ళ ఇళ్ళలోని స్త్రీలకు గుడ్డలుండవు నగ్నంగానే కష్టపడి పనిచేస్తారు ఆ గ్రామాలకు పోయి చూచినట్లయితే వాళ్ళ నిజపరిస్థితులు తెలుస్తాయి అట్టివారి స్థితిని బాగుచేయడానికి మాత్రం మనవద్ద స్కీములేవు అరాచకానికి దారితీసే పథకాలనుమాత్రం పెడుతున్నాము అటువంటివారికి సహాయం చేయడానికి స్కీములు ముందుకు ఎందుకురావో అర్థంకావడంలేదు వారిమీద, వ్యాపారపంటలమీద ఎకరం ౧కి రూ ౧౦, ౫ పన్నులువేయడానికి స్కీములు తయారుచేస్తున్నాము ఒక ఎకరం వేరుశనగమీద ౨౫ రూపాయలు పన్ను ఇవ్వాలి వాళ్ళ ఖర్చులకైనా ఏమీ మిగులుట లేదు. ఏదోవిధంగా ప్రతివాళ్ళదగ్గర పన్నులు వసూలు చేయడానికి అవకాశం ఇస్తున్నాము పైగా ఇవ్వలేని వారి మీదే ఇంకా పన్నుల భారం పెంచుతున్నాం

ఈ పోలీసు బడ్జెటు ప్రజలను అణచడానికి తయారు చేయబడింది ముఖ్యంగా శాంతి భద్రతల రక్షణకంటూ ఇతర స్థలాలనుంచి కూడా పోలీసులను తీసుకువచ్చి ఇక్కడ మేపుతున్నాము. యాంటీ కమ్యూనిస్టు స్కీము అని కేవలం ప్రజలను మోసం చేయడానికి చట్టబద్ధంగా ఖర్చు చేయడానికి ఈ స్కీము తయారయింది దీనిని పూర్తిగా తగ్గించివేయాలి. రేపు మళ్ళీ మనం ప్రజలవద్దకు పోవాలి, ప్రజలు ఎవరూ కమ్యూనిస్టులను అణచడానికి పోలీసును మావూళ్ళో పెట్టమని అడుగుటలేదు ఇదీ ప్రత్యేకం మీ అవసరాలకు మీ ఆస్తిపాస్తుల రక్షణకు మాత్రమే. ప్రజల రక్షణకు కాదు

ఏ ప్రజల ఓటుమీద మనం ఇక్కడకు ప్రతినిధులుగా వచ్చామో నిజంగా వాళ్ళను దృష్టిలో పెట్టుకొని ఏ ఖర్చైనా చేయాలి. లేనిచో మళ్ళీ 'ఏమొఖం పెట్టుకొని వాళ్ళవద్దకు వెళ్ళగలము?

యాంటీకమ్యూనిస్టు స్కీము [illegible] చేస్తే
పోలీసుమీద ఖర్చుపెట్టాలంటున్నారో [illegible] తగ్గించాలి [illegible] ఖర్చు
తగ్గించి తీరాలి

ఈ బడ్జెటు గురించి చెప్పాలంటే ఇంకా ఎన్నోవిషయాలు ఉన్నాయి [illegible]
చేసి చూపించి ప్రజలను భయపెట్టడానికి లేకపోతే [illegible] ఉపయోగించి ప్రజలపైన [illegible]
యుంచాలంటే కుదరదు ప్రజలకు నిజంగా సహాయం చేయాలంటే ఈ ఖర్చులు [illegible]
తగ్గించాలని నేను కోరుచున్నాను

شری کے۔ است ریڈی (نالکنڈہ)- مسٹر اسپیکر۔ سر۔ گذشتہ مرتبہ بجٹ سے متعلق بحث میں حصہ لیتے ہوئے میں نے عرض کیا تھا کہ جو بجٹ ہاؤس کے سامنے آیا ہے اس میں عوام کی خواہشات کی تکمیل نہیں ہوئی ہے۔ ایک پاپولر گورنمنٹ سے، ایک عوامی حکومت سے عوام جو آشائیں (आशायें) رکھتے ہیں وہ پوری نہیں ہوئیں۔ ایسا خیال میں نے ظاہر کیا تھا۔ فینانس منسٹر نے اپنی جوابی بحث میں یہ کہا تھا کہ انکو منسٹری کا جائزہ لئے ہوئے چند ہی دن ہوئے ہیں اپنی پالیسی کو لانے کا انہیں وقت نہیں ملا ہے۔ اسلئے انہوں نے اس بجٹ کو پیش کرتے ہوئے یہ کہا تھا کہ عوام کی خواہشات کے مطابق ریپریزنٹ (Represent) کرنے سے وہ قاصر ہیں۔ ہم نے اس چیز کو مان لیا تھا اور یہ سمجھا تھا کہ شاید آئندہ جو بجٹ پیش ہوگا وہ عوام کے جذبات کی صحیح ترجمانی کریگا۔ لیکن افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ جو روائیزڈ بجٹ (Revised Budget) اب پیش کیا گیا ہے وہ بھی اس معیار پر پورا نہیں اترتا۔ عوام یہ دیکھتے ہیں ایک، کامن میان (common man) یہ دیکھتا ہے کہ اس بجٹ میں نیشن بلڈنگ اور کس کیلئے کتنی گنجائش رکھی گئی ہے اور وہ کس معیار پر ہے۔ اس بجٹ میں جسکو فینانس منسٹر نے روائیزڈ بجٹ کے نام سے پیش کیا ہے تین کروڑ کا خسارہ ہے۔ یہ تین کروڑ کا خسارہ عوام کے سامنے پیش کرتے ہوئے ایک عام آدمی جسقدر بار اٹھاسکتا ہے اس سے زیادہ ٹیکسس اسپر عائد کئے گئے ہیں اور اس خسارے کی تکمیل ان ٹیکسس سے کی جانے والی ہے۔ آنریبل فینانس منسٹر نے خسارے کی تکمیل کےلئے نئے ٹیکسس کا ذریعہ ڈھونڈا ہے۔ ان ٹکسس کے بارے میں ایک کامن آدمی دو طرح سے سوچتا ہے۔ ایک یہ کہ آیا وہ جو ٹکس ادا کر رہا ہے صحیح معنوں میں اس کا مصرف ہوگا، اسکی فلاح و بہبود اور نیشن بلڈنگ کے لئے اسکو صرف کیا جائیگا یا نہیں۔ دوسرے یہ کہ وہ یہ سوچیگا کہ جو ٹکس وہ ادا کرتا ہے اس کا بارکس ریشو (Ratio) سے اس پر پڑتا ہے۔ جس حد تک وہ خود متاثر ہو رہا ہے کیا اسی تناسب سے ایک دولت مند ایک مالدار اور ایک سرمایہ دار بھی متاثر ہو رہا ہے اور کیا یہ قانون اس پر بھی اسی تناسب سے لاگو ہو رہا ہے۔

[Mr. Deputy Speaker in the chair]

جیسا کہ آنریبل فینانس منسٹر نے پروپوز (propose) کیا ہے، اس میں ایک سیلس ٹیکس (Sales Tax) ہے اور دوسرا لینڈ ٹیکس (Land Tax)

ھے ۔ وہ شاید تجارتی فصول پر لگایا گیا ھے ۔ یہ ایسے فصول ھیں جو تجارتی اعراض کےلئے ہوتے ھیں ان دونوں ٹیکسس کا تعلق میں کہونگا کہ ایک عام آدمی سے ھے ، ایک کامن آدمی سے ھے ۔ میں اس وقت ھاؤس کی توجہ اس جانب مبذول کراتا اور پوچھنا چاھتا ھوں کہ سیلس ٹیکس جو گذشتہ دو سال کی مدت سے عاید کیا گیا ھے کیا اس کا بار کامن آدمی پر نہیں پڑرھا ھے ؟ دو پائی فی روپیہ کی شرح سے یہ ٹکس عاید کیا گیا تھا ۔ اب یہ پروپوز کیا جاتا ھے کہ ۴ پائی کی شرح سے عاید کیا جائے ۔ اسکے معنی یہ ھوئے کہ ۱۰۰ فیصد ٹیکس میں اضافہ کیا جارھا ھے ۔ گذشتہ قانون کے تحت ۳۷ اشیاء اس ٹیکس سے اگزیمپٹ (Exempt) تھیں ۔ لیکن موجودہ ٹیکس کی رو سے صرف (۱۳) ایسے مدات ھیں جنکو اس ٹیکس سے مستثنی کیا گیا ھے ۔ وہ کون سے آیٹمس (Items) ھیں جو ٹیکس کی شرح سے اگزمپٹ کئے گئے تھے وہ قانون سیلس ٹیکس کے ضمیمہ (۱) میں ظاھر کئے گئے ھیں ۔ اس طرح نئے ٹیکسس کے پروپوزل کا اثر کن اشیاء پر پڑتا ھے میں اسکے متعلق کچھ عرض کروں گا ۔ وہ ھیں کاغذ ، دیسی شکر ، گھی ، تماکو اور ایسے کپڑے جو ھاتھ سے بنے جاتے ھیں چاھے وہ دیہاتوں میں ھوں یا شہروں میں ۔ اس طرح کاٹیج انڈسٹری کے نام سے موسوم ھونے والے کمبل ، بلانکٹ ، میاچس اور جیرٹ وغیرہ بھی اس میں شامل ھیں ۔ ان میں کونسی اشیاء ھیں جو کامن آدمی استعمال نہیں کرتے اور جو اسکے پرویو (Purview) سے باھر ھیں ۔ میرے خیال میں ان سب کا تعلق کامن آدمی سے ھے ۔ کیا آپ کامن آدمی پر بار کم کرنے کی کوئی تجویز نہیں نکالسکتے ؟ کیا آپ کوئی ایسی تجویز نہیں نکال سکتے جس سے کامن آدمی کو سفر (Suffer) کرنا نہ پڑے کیونکہ ایسے بہت سے ٹیکسس عاید کئے جاسکتے ھیں جنکا اثر براہ راست دولت مند طبقہ ، سرمایہ دار طبقہ اور جاگیر دار طبقہ پر پڑسکتا ھے ۔ زمین کے تعلق سے میں کہونگا کہ جو ٹیکس یا لینڈ ریونیو تجارتی فصول پر عاید کیا گیا ھے اس سے یہ ھوگا کہ تجارتی فصول ھمارے ملک میں بہت کم اگائے جائینگے اور نتیجتاً ھمارے درآمدات پر اس کا اثر پڑیگا اور پھر اس کا اثر ھمارے فینانس پر پڑیگا کیونکہ ھمارے تجارتی فصول باھر بھیجے جاتے ھیں ۔ تجارتی فصول ھی آجکل ھمارے کسان کیلئے بہتر زندگی بسر کرنے کا ذریعہ ھیں ۔ جتنے فصول اگائے جاتے ھیں میں یہ یقین کے ساتھ کہونگا کہ وہ کسان کی زندگی بسر کرنے کےلئے بمشکل کافی ھوسکتے ھیں ۔ یہ حقیقت ھے کہ تجارتی فصول ھی اسکی زندگی کے معیار کو باقی رکھتے ھیں ۔ جب آپ اس پر ضرب لگا رھے ھیں تو کیا آپ یہ نہیں سمجھتے کہ آپ اسکی زندگی پر بار ڈال رھے ھیں ؟ اسلئے جو ٹیکسس پروپوز کئے گئے ھیں وہ کامن آدمی کو متاثر کرتے ھیں ۔ جو اپروچ (Approach) بجٹ کو ایک کامن آدمی کا بجٹ بنانے کے لئے کیا گیا ھے مجھے افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ھے کہ وہ غلط اپروچ ھے ۔ ایک زمانہ تھا جبکہ ایسا ھوسکتا تھا ۔ لیکن اب وہ زمانہ نہیں رھا ۔ وہ زمانہ ھم بہت پیچھے چھوڑ آئے ھیں جس میں بڑے بڑے سرمایہ دار کارخانہ دار اور دولت مندوں کا لحاظ کیا جاتا تھا ۔ ھم نے باواز بلند ھر وقت گذشتہ حکومت کے متعلق کہا ھے کہ وہ کامن آدمی کا خیال نہیں رکھتی تھی بلکہ جاگیرداروں اور سرمایہ داروں کی بھلائی کا خیال رکھتی تھی ۔ لیکن جب حیدرآباد کی حکومت کی باگڈور

ہمارے ھی ھاتھ میں ھے تو پھر اسکی کیا وجہ ھے کہ ہم اپنی بھلائی کا کام نہیں کرسکتے؟ آصف آباد کے ہمارے ایک معزز ممبر کہتے ھیں کہ وقت کا انتظار کیا جائے - میں معزز ممبر سے یہ پوچھنا چاھتا ھوں کہ وقت کا انتظار کیوں کیا جائے جبکہ ھر چیز ، حتی کہ حکومت بھی ھمارے ھاتھ میں ھے - یعنی اسکے معنے یہ ھوئے کہ ''کسی کی جان گئی آپ کی ادا ٹھیری ،، - آخر انتظار کی بھی کوئی حد ھوتی ھے۔ سوپرفلوئس اکسپنڈیچر (superfluous expenditure) ایسا ھے کہ کوئی آدمی بھی یہ کہہ سکتا ھے کہ صرف اسی پرانے نظام کو قایم رکھنے کےلئے ایسا کیا گیا ھے جو پہلے سے چلتا ھوا آیا ھے - میں یہ عرض کرونگا کہ سوپرفلوئس اکسپنڈیچر کو کم کرنے کے لئے آپ اقدام اٹھائیے اور دیکھئے کہ عوام کس طرح اسکا سواگت کرتے ھیں - میں جانتا ھوں کہ فینانشل انٹیگریشن (Financial integration) کے بعد آپکی آمدنی کے دو محکمے ریلوے اور انکم ٹیکس اسٹیٹ سے چلے گئے ھیں - یہ دو ایسے مداب تھے جو آپکے خسارے کو میٹ آوٹ (Meet out) کرسکتے تھے - لیکن ھندوستان کی یکتائی کے تحت وہ چیزیں ھمارے ھاتھ سے چلی گئیں - میں پوچھتا ھوں کہ کیا حکومت حیدرآباد سنٹر کو گرانٹ (grant) کےلئے مجبور نہیں کرسکتی ؟ ہمارے آنریبل فینانس منسٹر فرماتے ھیں '' لٹ از ھوپ فاردی بسٹ ،، (Let us hope for the best) ہم ھوپ (Hope) کرتے آئے ھیں لیکن کب تک یہ ھوپ کرسکے ؟ حکومت ھند آپکے چالیس لاکھ روپیے بند کرتی ھے - آپکی سنٹرل حکومت انٹی ٹررسٹ موومنٹ (Anti-Terrorist movement) اور ٹکسٹائل (Textile) کے سلسلہ میں ۲ لاکھ روپیے نہیں دے رھی ھے - سنٹر کی جانب سے ہم پر ضرب پڑ رھی ھے تو ایسی صورت میں آپ کچھ نہیں کہتے - یہ میں کہہ سکتا ھوں کہ ہمارے پاس اسکی گنجائش نہیں ھے کہ ہم سنٹر پر زور دیں اور اس سبسڈی (Subsidy) کو بحال کرائیں - لیکن کب تک اس ضرر کو برداشت کرسکتے ھیں ؟ کیا آپ اس سے عوام پر زور ڈالنا چاھتے ھیں ؟ ھر طرف سے آوازیں اٹھہ رھی ھیں - ھر طرف اجیٹیشنس (Agitations) ھو رہے ھیں لیکن حکومت پر اس کا کوئی اثر نہیں ھوتا - حکومت سمجھتی ھے کہ عوام اسکو برداشت کرنے والے ھیں اور کہتی ھے کہ اگر اس طرح عوام سکریفائس (sacrifice) نہ کریں تو قوم کسطرح ترقی کرسکتی ھے ؟ یہ ہم جانتے ھیں کہ سکریفائس کرنا چاھئے - لیکن آخر سکریفائس کس کے لئے کریں - کیونکہ سکریفائس تو اس وقت کی جاتی ھے جبکہ حکومت عوام کی بھلائی کے لئے کام کر رھی ھو اور سکریفائس سے تمام نیشن (Nation) کی بھلائی ھو - لیکن یہاں تو عوام کے جذبات کو کچلنے کےلئے آپ کے پاس لاکھوں روپیے ھیں اور ان کا پیٹ پالنے کےلئے آپکے پاس کچھ نہیں - کہا جاتا ھے کہ غلہ کی قیمت میں اضافہ سے صرف دو تین روپیہ کا بار پڑیگا - لیکن ایک غریب آدمی جو ۲ - ۳ روپیہ کماتا ھے کیا اس کے لئے یہ بھاری بوجھ نہیں ؟ بحث کے دوران میں ہمارے ایک آنریبل دوست نے کہا کہ غریب عوام پیتے ھیں - شراب میں اپنا پیسہ گنواتے ھیں - میں نہیں سمجھتا کہ پینے کا تعلق بجٹ سے کس طرح

حوڑا گیا ھے - میں اس چیز کو نہیں سمجھتا - شاید آنریبل ممبر کا اشارہ اس طرف تھا کہ
اپوزیشن بنچس کے ممبرس پینے کی ترغیب دیتے ھیں - میں اپوزیشن بنچس کی طرف سے
یہ عرض کرونگا کہ جو مزدور پیتے ھیں وہ یقیناً برا کرتے ھیں مگر دن بھر محنت کرنے کے
بعد اگر کوئی مزدور چار چھ آنے کی سیندھی یا شراب پی لیتا ھے تو وہ تباہ ھو جاتا ھے -
لیکن جو راجہ مہا راجہ اور بڑے بڑے لوگ ھیں وہ اپنے محلوں میں بیٹھکر وسکی
(Whisky) اور برانڈی (Brandy) کی پچاس پچاس ساٹھ ساٹھ روپیہ کی بوتلیں اڑاتے ھیں وہ
برباد نہیں ھوتے - یہ ھمیں سوچنا ھے کہ ھماری سوسائٹی میں ھی بیسک ڈیفکٹ (Basic defect)
ھے - اسمیں ایک طرح کا اکسپلائٹیشن (Exploitation) ھے جسکو دور کرنا
ھمارا فرض ھے - ھم اسکو نہیں سوچتے - یہ کہنا کہ اپوزیشن بنچس اس قسم کی ترغیب
دیتے ھیں . . . .

مسٹر ڈپٹی اسپیکر - مطلب یہ نہیں تھا کہ اپوزیشن بنچس ترغیب دیتے ھیں -

شری کے - است ریڈی - اگر آنریبل ممبر کا یہ مطلب نہ تھا تو ٹھیک ھے -

دوسری چیز جو اس بجٹ میں خاص طور پر نظر آتی ھے وہ پیالیس کو مینٹین
(Maintain) کرنے کے اخراجات ھیں - گذشتہ بجٹ کے دوران میں اس
جانب سے کافی زور و شور سے تنقیدیں کی گئی تھیں کہ اس قسم کے اخراجات ختم ھوجانے
چاھئیں - لیکن حکومت نے اس جانب کوئی توجہ نہیں دی ھے اور ریوائزڈ بجٹ
(Revised Budget) میں کافی اضافہ کیا گیا ھے - پیالیس مینٹیننس کے لئے
۳۸ ھزار روپیہ دکھائے گئے ھیں - اگر اسطرح کے اخراجات شامل کرتے جائیں تو
اس کا انت (अत) نہوگا - یہ سوپرفلوئس (superfluous) اخراجات ھیں -
اتنا کہتے ھوئے میں آنریبل چیف مسٹر اور آنریبل فینانس مسٹر سے اپیل کرونگا کہ
وہ اس کرٹیسیزم کو کنسٹرکٹیو کرٹیسیزم (constructive criticism) کے
نقطہ نظر سے غور کریں اور یہ نہ سمجھیں کہ اپوزیشن محض اپوزیشن کے لئے کیا جا رھا
ھے - ھمارا یہ منشاء نہیں - یہ کہتے ھوئے میں اپنی اسپیچ (Speech) ختم کرتا ھوں -

شری مرزا شکور بیگ (حسن پرتی) - ھاؤس میں موازنہ پر جو مباحث ھوئے
ھیں انہیں سننے کے بعد میں اس نتیجہ پر پہنچا کہ اس وقت جو بجٹ ھمارے سامنے
پیش ھے اس پر تنقید کی بہت کچھ گنجائش ھے - تنقید نہ صرف ھاؤس کے اوس جانب
سے ھوسکتی ھے بلکہ اس جانب سے بھی - بہت سی چیزیں ایسی ھیں جن میں اصلاح
کی گنجائش ھے - ھوسکتا ھے کہ تنقید کے طرز میں فرق ھو اور یہ فرق اتنا ھی ھے
جتنا اوس طرف بیٹھنے اور اس طرف بیٹھنے میں ھے -

بجٹ میں ۳ کروڑ ایک لاکھ کا خسارہ بیان کیا گیا ھے - لیکن جیسا کہ ایک آنریبل
ممبر نے کہا محض خسارہ ھونے کی وجہ سے بجٹ کو ناقص نہیں سمجھا جاسکتا - ھمیں یہ
دیکھنا ھے کہ اس بجٹ میں نیشن بلڈنگ ورکس (Nation-building works) کے لئے

کیا گنجائشیں رکھی گئی ہیں ۔ اس خسارہ کی وجوہات کیا ہیں ۔ اگر آپ غور کریں تو معلوم ہوگا کہ کروڑگیری سے جسکی آمدنی کا اندازہ ۴ کروڑ رکھا گیا تھا اس حالیہ فلکچویشن (Fluctuation) کی وجہ سے دو کروڑ ہی آمدنی ہوگی ۔ اس مد میں دو کروڑ کی آمدنی یکدم ختم کردی گئی ہے ۔ اگر معزز فینانس منسٹر چاہتے تو اس آمدنی کو ایک آدھ سال اور جاری رکھ سکتے لیکن بہر حال اسے ایک نہ ایک دن ختم ہونا ہی تھا ۔ انہوں نے خراب کرکے اسے اسی سال ختم کردیا ۔

اس سال کے خسارے کو میٹ (Meet) کرنے کےلئے فینانس منسٹر نے چار نئے محاصل پیش کئے ہیں ۔ ان میں سے دو تو ایسے ہیں جن کے بارے میں میں سمجھتا ہوں کہ نہ غیر نزاعی ہیں ۔ بلکہ ممکن ہے ان ٹیکسس میں اضافہ کی خواہش کی جائے ۔ ان میں سے ایک ٹیکس سینما در، پر سو(Per show) کے حساب سے لگایا گیا ہے ۔ یہ ایسی چیز ہے کہ اس میں اضافہ کیا جاسکتا ہے ۔ دوسرا ٹیکس پٹرول پر ہے ۔ یہ بھی میں سمجھتا ہوں غیر نزاعی ہے ۔ البتہ ان کے علاوہ دو اور محاصل ایسے ہیں جن کے بارے میں ممکن ہے کچھ کہا جائے ۔ ایک تو سلس ٹیکس ہے ۔ سلس ٹیکس میں بجائے دو پائی کے چار پائی فی روپیہ ٹیکس عائد کیا گیا ہے ۔ دوسرا ٹکس کمرشیل کراپس (Commercial crops) کے سلسلے میں ہے ۔ سلس ٹیکس میں اضافہ کے متعلق شد و مد کے ساتھ یہ کہا گیا کہ اس کا اثر کامن میان (Common man) پرپڑے گا ۔ آنریبل ممبر نے جس فہرست کی جانب توجہ دلائی ہے اس میں ۳۴ - ۳۶ ایٹمس (Items) ایسے تھے جو ٹیکس سے مستثنی تھے ۔ ان ایٹمس کو کم کردیا گیا ہے ۔ اس میں شک نہیں کہ آمدنی میں اضافہ کےلئے یہ کیا گیا ہے ۔ لیکن یہ چیز نظر ثانی کی محتاج ہے ۔ بہت سی ضروری چیزیں جو سیلس ٹیکس سے مستثنی تھیں ان پر ٹیکس عائد کردیا گیا ہے۔ میں امید کرتا ہوں کہ فینانس منسٹر اس پر مکرر غور کرینگے اور اس سلسلے میں جو دل انکی جانب سے آنے والا ہے اس میں اسکا لحاظ رکھا جائیگا ۔ اسکے ساتھ ساتھ ہمیں یہ بھی دیکھنا ہے کہ کروڑگیری ختم ہو جانے کی وجہ سے پرائسس (Prices) میں یقیناً کمی ہوگی ۔ اب تک یہ اصول رہا ہے کہ جو مال بمبئی میں ایک سو روپیہ میں ملتا ہے وہ حیدرآباد میں ڈیڑھ سو میں فروخت ہوتا ہے ۔ اس میں سکہ کے تبادلہ کی شرح بھی رہتی ہے اور کروڑگیری کے اخراجات بھی ۔ اسکے علاوہ بیوپاری کا ۲۰ فیصد منافع بھی شامل رہتا ہے ۔ لیکن اب کروڑگیری کی رقم نکال دی جانے کی وجہ سے ظاہر ہے کہ اشیا٫ کی قیمتیں اس حد تک کم ہونگی جس سے عوام کو فائدہ ہوگا ۔

ٹیکس کے متعلق یہ بھی اعتراض کیا گیا کہ اس سے عوام کو دو دو تین تین ٹیکسس برداشت کرنا پڑیگا ۔ یہ طریقہ بمبئی کے طریقے کے خلاف اختیار کیا گیا ہے جہاں ایک ہی طریقہ کا ٹیکس ادا کرنا پڑتا ہے ۔ مگر وہاں کی حکومت بھی اس مسئلہ پر غور کررہی ہے ۔ یہاں طریقہ یہ ہے کہ تھوک فروش کو ٹیکس ادا کرنا پڑتا ہے ۔ اسکے پاس سے جب ریٹیلر (Retailer) خریدتا ہے تو اسکو بھی ٹیکس ادا کرنا پڑتا ہے اور ریٹیلر کے پاس سے جب گاہک مال خریدتا ہے اسے بھی ٹیکس ادا کرنا پڑتا

ہے۔ اس طریقہ سے ٹیکس عاید کرنے میں حکومت کا منشا یہ ہے کہ حکومت کو جگمہ دیگر کوئی مال ٹیکس ادا کرنے سے بچ نہ جائے۔ ظاہر ہے اگر ایک جگہ حکمہ دیگر ٹیکس ادا نہ کیا جائے تو دوسری جگہ تو اسے ادا کرنا ہی ہوگا ۔ اور دوسری جگہ سے بچے تو تیسری جگہ ۔ ہر حال کسی نہ کسی جگہ حکومت مال پر ٹیکس وصول کرہی لے گی ۔

دوسری چیز جسکے متعلق میں اپنے خیالات کا اظہار کرنا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ ممکن ہے فنانس منسٹر سے یہ کہا جائے کہ خسارہ کو دور کرنے کے لئے ٹیکس عاید کرنے کی ضرورت ہی نہیں ۔ کمرسیل پروڈیوس (Commercial produce) کے سلسلے میں جو ٹیکس عائد کیا گیا ہے اس سلسلے میں نہایت ادب سے فینانس منسٹر کے گوش گذار کرونگا کہ یہ مسئلہ ایسا ہے جس میں اکسپلائٹیشن (Exploitation) کا امکان ہے ۔ اگر موقع پر پیدا وار پر ٹیکس وصول کیا جائے تو اس سے رشوت کا ایک نیا بازار کھل جائیگا ۔ اب تک ہی تلنگانہ میں جمعیتی کے سلسلے میں کافی کہا جاتا ہے اور اگر میں سگلور کی اصطلاح میں کہوں تو کافی ” علانیہ “ ہے ۔ اگر پیدا وار کے مقام پر ہی ٹیکس وصول کئے جانے کا طریقہ رائج کیا جائے تو اس سے تیل نٹواریوں اور دوسرے لوگوں کے لئے کرپشن (Corruption) کا ایک نیا سلسلہ شروع ہو جائیگا ۔ اسلئے پروڈیوس پر اگر ٹیکس ناگزیر ہی سمجھا جارہا ہوتو پیدا وار مارکٹ میں آنے کے بعد ٹیکس لگایا جاسکتا ہے ۔ یہ طریقہ ایسا ہوگا جس سے اوس جانب کے آنریبل ممبرس بھی متفق ہونگے ۔

اس موقع پر میں یہ عرض کرونگا کہ ممکن ہے اوس جانب کے آنریبل ممبرس کی طرف سے یہ سوال اٹھایا جائے کہ بجٹ میں سے نظام کو دیجانے والی رقم اور جاگیرداروں اور منصبداروں کے معاوضے اور رسوم وغیرہ نکال دئے جائیں ۔ پولیس پر بھی جو کثیر رقم خرچ ہورہی ہے اسے بھی نکال دیا جائے ۔ بظاہر تو یہ اچھا معلوم ہوتا ہے۔ میں بھی ذاتی طور پر اس کا حامی ہوں ۔ لیکن غور کے قابل یہ چیز ہے کہ کیا یہ عملاً ممکن ہے؟ ہمیں یہ دیکھنا ہے کہ نظام یا راج پرمکھ کو جو معاوضہ دیا جاتا ہے وہ کس نے مشخص کیا ۔ کیا یہاں کی حکومت نے کیا ہے؟ نہیں۔ منسٹر نے کیا ۔ پریسیڈنٹ کی منظوری سے یہ معاوضہ مشخص کیا گیا ہے۔ ہم اس پر غور کرنے کے مجاز نہیں ۔ . . .

Shri V. D Deshpande — People are soverign and they can change it.

شری مرزا شکور بیگ - ایسا بھی ہو سکتا ہے۔ اسوقت ہمارے سامنے وہ واقعات ہیں جنکے پیش نظر یہ طے پایا ہے اس لئے میں اس پر قطعی رائے دینے سے قاصر ہوں ۔ جاگیر داروں اور منصب داروں کے معاوضہ کی ادائی کو روکنے میں دستوری رکاوٹ ہے لیکن یہ مسئلہ میں سمجھتا ہوں ایسا نہیں ہے کہ صرف تین چار مہینوں میں ختم کردیا جائے ۔ ہمیں یقین ہے کہ آئندہ بجٹ میں اس قسم کی ناگوار صورتیں نہ رہیں گی ۔

کہا گیا نہ میٹینس آف بلڈنگس (Maintenance of buildings)
پر کافی رقم خرچ کیجا رہی ہے - گورنمنٹ انہیں فروخت کرے تو سارے اگر ہمارے دوست
ان کے لیے خریدار فراہم کردیں - انکے میٹنس کے لئے جو روپیہ خرچ ہوتا ہے اسکی
بچت ہو سکتی ہے - گورنمنٹ نے تو اس کو بیچنے کی کوشش کی ہے۔

شری وی - ڈی - دیسپانڈے - کم از کم کرایہ پر تو دیجاسکتی ہیں۔

شری مرزا اسکو ریگ - کرایہ پر دیئے جانے کے بارے میں معاملہ مسٹر غور کرسکتے
ہیں - جہاں تک مجھے معلوم ہے اس کی بھی کوشش کیجا چکی ہے- اس کوشش
میں بھی - کمی ہوئی ہے- بہر حال جب وہ حکومت کی عمارت ہے تو اس کا مینٹینس ضروری
ہے - اس طرح اعتراض کیا جاتا ہے دور ہوگا - بجٹ کے وقت اڈمنسٹریٹیو ڈیفکلٹیز
(Administrative difficulties) کو بھی ملحوظ رکھنا چاہئے - صرف یہ کہدینے
سے مسئلہ حل نہیں ہوتے کہ اس کو کم کردیا جائے اوس کو کم کردیا جائے اور خصوصاً
اسی صورت میں جبکہ آپ یہ کہتے ہیں کہ نیس بلڈنگ ورکس کے لئے زیادہ خرچ
کیا جائے -

ان حالات میں جو بجٹ فناس مسٹر نے پیش کیا ہے میں سمجھتا ہوں کہ وہ
حسب پسند نہ ہے اور وہ اسکے لئے مبارکباد کے مستحق ہیں - جناب والا نے مجھے
جو اظہار خیال کا موقع دیا ہے اس کے لئے شکریہ ادا کرتا ہوں -

شری جی - سری رام لو - مسٹر اسپیکر - سر - آج ہمارے سامنے بجٹ پیش ہوا ہے -
اس کے قبل بھی جب ہمارے سامنے بجٹ پیش ہوا تھا تو اوسوقت میں نے اپنی ذاتی رائے کا
اظہار کیا تھا - اوسوقت بھی میرا یہی کہنا تھا اور اب بھی میں یہ کہونگا کہ جب تک
بجٹ میں عوام کی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے زیادہ سے زیادہ مداب پرووائڈ
(Provide) نہ کئے جائیں اوسوقت تک یہ بجٹ عوامی بجٹ کہلائے جانے کا مستحق
نہیں ہوسکتا - آج ہم دیکھ رہے ہیں کہ پولیس کے ایٹم میں زیادہ گنجائش رکھی گئی ہے
اس لئے اگر ہم کانگریسی حکومت کے رویہ اور پالیسی پر روشنی ڈالیں تو صاف طور پر
یہ ظاہر ہوگا کہ یہ عوام کے مسائل کو حل کرنے سے دور جارہی ہے - جو اعداد ہمارے
سامنے پیش ہوئے تھے وہی اعداد پھر پیش ہورہے ہیں - اس سے ظاہر ہورہا ہے کہ
کانگریسی حکومت کے دل میں یہ بات نہیں ہے کہ کسانوں - مزدوروں اور زراعتی مزدوروں
کی جو پست حالت ہے اس کی درستی کی طرف دھیان دیں - میری رائے میں دیس کو ترقی
کے راستے پر گامزن کرنے کے لئے یہ ضروری ہے - عوامی ضروریات کے لئے زیادہ سے زیادہ
مداب پرووائڈ کرنے چاہئیں - کانگریس گورنمنٹ یہ کہتی ہے کہ پہلے تو ہم کمونسٹوں
کے خلاف جدوجہد کررہے تھے اس لئے پولس کو زیادہ گنجائش مہیا کی گئی اور اب
کہتی ہے کہ ہم غیر سماجی عناصر کے خلاف لڑنا چاہ رہے ہیں - ان کا یہ نعرہ تھا کہ
ہماری جنگ افلاس کے خلاف ہونی چاہئیے - ہماری جنگ غریبوں کی بہبودی کے لئے ہونی
چاہئیے - ہماری لڑائی جہالت کے خلاف ہونی چاہئے تو پھر ایسی صورت میں حکومت

اپنی مسٹری اسکیم خلاف لیجانے کے متعلق کیوں سوچ رہی ہے؟ اس کے علاوہ کسانوں کی
تکلیفیں دور کرنے اور زراعت کے حالات کو بہتر بنانے کے لئے اور اوس میں اضافہ کے لئے
حکومت نہیں سوچ رہی ہے اور نہ اس طرح کا بجٹ پیش ہوا ۔ اس طرح کا بجٹ بنانے سے
کیا میں پوچھ سکتا ہوں کہ عوام کے مسائل پورے ہو سکتے ہیں ؟ جب پہلے بجٹ
پیش ہوا تھا تو اوسوقت ہمارے سامنے کئی وعدے کئے گئے تھے ۔ ہمارے معزز
فینانس منسٹر نے اپنے ایک بھاشن (भाषण) میں جو صاحب ممدوح نے سلطان
بازار میں انڈین میڈیکل اسوسی ایشن برانچ حیدرآباد کی طرف سے منعقدہ جلسہ میں
دیا تھا یہ کہا تھا کہ میڈیکل ایڈ وغیرہ کے لئے کافی گنجائش مہیا کیجانی چاہئے ۔ لیکن
بد قسمتی سے ایسا نہیں ہورہا ہے ۔ دوا خانوں کی حالت بھی وہی ہے ۔ وہاں غریبوں
کیلئے زیادہ انتظام نہیں ۔ امیروں کو علحدہ پلنگ مہیا کئے جاتے ہیں ۔ ہونا تو یہ چاہئے
تھا کہ اوسی کے بازو میں غریب کا بھی پلنگ ہو ۔ لیکن ہم دیکھ رہے ہیں کہ وہاں
امیروں کو زیادہ سہولتیں حاصل ہیں اور اگر ہمارے حالات اسی طرح رہے تو
(Hyderabad will go the way of China) ۔ مجھے شخصی طور پر اس کے
معلومات ہیں کہ آنریبل فینانس منسٹر کے دل میں بلند ارادے ہیں اور ان کے دل میں
بہت سے بڑی بڑی باتیں ہیں کہ عوام کی جو ضروریات ہیں وہ پوری ہوں ۔ لیکن اس کے
باوجود وہ پوری نہیں ہورہی ہیں ۔ وہی امارت ہے ، وہی دبدبہ ہے ، وہی شان و شوکت
ہے ۔ وہ کہتے ہیں کہ ہمیں ان باتوں کو دور کرنے کے لئے ٹائم نہیں ملا ۔ اس مدت میں
ہم اپنی پالیسی فارمولیٹ (Formulate) نہیں کر سکے ۔ لیکن میں یہ پوچھنا چاہتا
ہوں کہ اب آپکے لئے کونسی رکاوٹ تھی ؟ مجھے معلوم ہے کہ ان کے دل میں بہت
سی باتیں تھیں ۔ وہ انہیں دور کر سکتے تھے لیکن انہیں جو رکاوٹ تھی وہ خود محسوس
کرینگے ۔ وہ یہ کہ کانگریسی پالیسی ان کے لئے رکاوٹ تھی ۔ اوسکو شان و شوکت دبدبہ
منظور تھا ۔ الیکشن کے دوران میں کانگریس نے جو وعدے کئے تھے اونکو پورا کرنے
میں وہ ناکام رہی ۔ آپ اگر چاہیں تو سب کچھ کرسکتے ہیں ۔ مدراس میں دیکھئے
کہ راجہ جی کی حکومت آتے ہی کنٹرول برخواست ہوگیا ۔ کیا اس کے پہلے وہاں
ڈی کنٹرول نہیں کیا جاسکتا تھا ؟ میں اپوزیشن بنچس کی جانب سے سنسیرلی (Sincerely)
یہ کہونگا کہ اگر آپ کے دل میں ہو تو آپ سب کچھ کر سکتے ہیں ۔ جب غذائی
قیمتوں کے خلاف سوشلسٹ پارٹی نے ستیہ گرہ کا فیصلہ کیا تو آپ کی جانب سے موٹر کاروں
میں لاوڈ اسپیکر لگا کر یہ کہا جاتا ہے کہ کنٹرول اب نہیں رہیگا ۔ ہماری بلڈنگس کے
مینٹیننس پر جو روپیہ خرچ ہورہا ہے اوسکو ختم کرکے بھی آپ کافی روپیہ بچا سکتے
ہیں اور موجودہ خسارہ کو دور کر سکتے ہیں ۔ آج ۴ سال سے کانگریسی حکومت
ہندوستان میں اور نیم کانگریسی حکومت حیدر آباد میں ہے لیکن کسانوں اور
مزدوروں کے مسائل ویسے ہی پڑے ہوئے ہیں ۔ دیہات میں پٹیل پٹواریوں کے جو
سیالریز (Salaries) ہیں اور سیت سندھیوں وغیرہ کو جو ۳، ۴
روپیہ ماہانہ دئے جاتے ہیں اوس میں کچھ اضافہ نہیں کیا گیا ۔ خسارہ کی بھرپائی کرنا
اگر آپ کو مقصود ہے تو اکسپنڈیچر (Expenditure) میں کمی کرکے

پھر یائی کر سکتے ھیں ۔ لیکن اس کے بر خلاف آپ ٹیکس کے دریعہ سے اوسکو پورا کرنا چاھتے ھیں ۔ کیا اس سے عوام پر بار نہیں پڑیگا ؟ ھم دیکھ رھے ھیں کہ فیناس منسٹر کے بیچ کے باوجود وھی پرانا بجٹ ھمارے سامنے پیش کیا گیا ھے۔ البتہ پولس میں کچھ کمی ھوئی ھے۔ یہ کمی آج کل کے حالات کے لحاظ سے کی گئی ھے۔ اس کی حد تک میں فیناس منسٹر کی ستائش کئے بغیر نہیں رہ سکتا ۔ اسی طرح نظام کو جو سالانہ ٥ لاکھ روپیہ دئے جارھے ھیں وہ بھی کم کئے جاسکتے ھیں ۔ لیکن کانسٹی ٹیوشن کا حیلہ لیکر یہ کہنا کہ اس میں کمی ممکن نہیں درست نہیں ھے۔ یہ کہنا بھی درست نہیں کہ یہ ریزنیبل افیر (Reasonable affair) کا سوال ھے۔ اس لئے اس پر اچھی طرح سے نظر ثانی کی ضرورت ھے ۔ جب تک ھم اسطرف دھیان نہ دیں حیدر آباد کے مسائل حل ھونے کے کوئی امکانات نہیں پائے جاتے ۔

شری کٹہ رام ریڈی- اب تک جو اسپیچس ھوئی ھیں اور جو تجاویز ھاؤز کے سامنے لائی گئی ھیں اس کے بارے میں ......

مسٹر ڈپٹی اسپیکر - کیا آپ اسپیچ دینا چاھتے ھیں ؟

شری کٹہ رام ریڈی - جی ھاں ۔ تو میں یہ کہہ رھا تھا کہ ھر قسم کی گفتگو بجٹ پر ھوئی ھے۔ پہلے بجٹ کو پیش کرکے یہ کہا گیا تھا کہ یہ گلومی بجٹ (Gloomy Budget) ھے۔ پہلے تو یہ کہا گیا کہ یہ بجٹ دو ماہ کے اندر لایا جارھا ھے اس لئے اس کا موقع نہیں ملا ۔ اس کے بعد جو بجٹ پیش کیا گیا ھے (تین ماہ کے بعد) اس کی نوعیت میں تبدیلی نہیں ھوئی ۔ میں یہ عرض کئے بغیر نہیں رہ سکتا کہ یہ جو کہا جاتا ھے کہ جاگیردارانہ حکومت ختم کیجارھی ھے اور کیا پٹیلزم (Capitalism) اور فیوڈلزم (Feudalism) کو ختم کیا جارھا ھے تو میں کہونگا کہ ایسا نہیں ھورھا ھے۔ ایسے جذبات کے ساتھ جنرل الکشن میں کہا گیا کہ ابھی اسمبلی قائم ھونے والی ھے جب اسمبلی قائم ھو جائے گی تو ھم یہ کرینگے وہ کرینگے لیکن جب اسمبلی قائم ھوگئی تو ان عوامی حکومت کا دعوی کرنے والوں نے کس بیسس (Basis) پر بجٹ تیار کیا میں سمجھنے سے قاصر ھوں ۔ "الف" سے لیکر "ی" تک حالات پر آپ غور کریں تو معلوم ھوگا اور میں اسکو ثابت کرنے کے لئے تیار ھوں کہ جاگیرداری زمانہ میں جو کچھ ھوتا تھا اب اس سے زیادہ ھی ھورھا ھے کچھ کمی نہیں ھوئی ۔ کیا اسی کا نام عوامی حکومت ھے ؟ کیا ایسی حکومت عوامی حکومت ھونے کا دعوی کر سکتی ھے ابھی مجھ سے میرے ایک دوست نے کہا اور بالکل ٹھیک کہا کہ شراب وھی ھے صرف بوتل کو تبدیل کیا گیا ھے۔ پرانی شراب نئی بوتل میں ھے ۔ ڈھانچہ وھی ھے جو پہلے تھا ۔ ان جذبات کے تحت حکومت کو ڈیموکریسی (Democracy) کے اصولوں پر نہیں ڈھالا جا سکتا۔ کیا ھم یوں ھی عوام کی نمائندگی کرینگے ؟

بجٹ کے تعلق سے مجھے زیادہ کہنا نہیں ھے ۔ میرا خیال یہ ھے کہ سوشیل طور پر ولفیر اسٹیٹ (Welfare state) کے لفظ کو بار بار استعمال کیا جاتا ھے لیکن اسمیں نقص یہ ھے کہ اکسپلائیٹیشن (Exploitation) کے نام سے اسے دبایا جاتا ھے۔

کیا کسی ویلفیئر اسٹیٹ کے لئے یہ زیبا ہے؟ جاگیرداروں کے زمانے میں یہی ہوتا تھا۔
لہذا بنیادی (Fundamental) چیز یہ ہے کہ سوسائٹی کس
قسم کی ہو اس پر غور کرنا چاہئیے۔ سوسائٹی کو بنانے کا کام ہمارا ہے۔ سوسائٹی میں ۹۰
فیصد آدمی غریب ہیں۔ ۸۰ فیصد کسان اور کاشتکار ہیں۔ کیا یہ بجٹ جو آپ نے پیش
کیا ہے ۹۰ فیصدی عوام کے لئے فائدہ پہنچانے والا بجٹ ہے؟ اگر نہیں ہے تو کیا عوام کی
نمائندگی اسی کا نام ہے؟ اس بجٹ کے بعض ایٹمس (Items) میں مثال کے
طور پر پیش کروں تو آپ کو معلوم ہو جائیگا کہ یہ وہ بجٹ ہے جسکی بنا پر جاگیرداری میں
فیوڈلسٹک ویوز (feudalistic views) کو برقرار رکھنے کے لئے ناجائز
طریقوں کو اختیار کیا گیا ہے۔ جیسا کہ میں نے کہا پاور (power) ایک جگہ سے
دوسری جگہ تبدیل ہوا لیکن طریقہ کار کی تبدیلی نہیں ہوئی۔ میں آپ سے پوچھنا
چاہتا ہوں کہ ہر سال پی۔ ڈبلیو۔ ڈی میں ریپیرس اینڈ مینٹیننس (Repairs and
Maintenance) کے لئے لاکھوں روپیہ منظور کئے جاتے ہیں۔ ان اخراجات کو
جانچیں تو کیا اس میں کمی کا امکان نہیں ہے؟ اسی طرح خرچ کے جس ایٹم کو آپ دیکھئے
اس میں کمی کا کچھ نہ کچھ امکان نظر آئیگا۔ جب آپ کسی ایک اسکیم کو نافذ کرنا
چاہتے ہیں تو کبھی تو اسکو انٹی کمیونسٹ اسکیم (Anti-communist scheme)
کا نام دیتے ہیں اور کبھی انٹی سوشلسٹ اسکیم (Anti-socialist scheme)
کہتے ہیں اور ایسا بھی ہوتا ہے کہ انٹی کمیونسٹ اسکیم کبھی انٹی سوشلسٹ اسکیم
بن جاتی ہے اور کبھی انٹی سوشلسٹ اسکیم انٹی کمیونسٹ۔ میں پوچھتا ہوں کہ کیا
کسی مہذب ملک کے بجٹ میں ایسے ایٹمس نظر آسکتے ہیں؟

کہا جاتا ہے کہ یہ روائزڈ بجٹ (Revised Budget) ہے لیکن اس میں
ایسی ایسی چیزوں کو نظر انداز کیا گیا ہے جنکی ہمیں توقع نہ تھی اور ایسی چیزیں
رکھی گئی ہیں جن کے متعلق توقع تھی کہ وہ نہ رکھی جائینگی۔ پریس ایکسپنسس
(press expenses) کے لئے (۳۶۰۰۰) روپیہ رکھے گئے ہیں۔ آپکا
ریوینیو اڈمنسٹریشن (Revenue administration) اسقدر ٹاپ ہیوی
(Top heavy) ہوگیا ہے کہ اس کے لئے کلکٹر۔ تحصیلدار۔ نائب تحصیلدار
گرداور اور وہ بھی دو دو درکار ہیں۔ پہلے ایک ہی تحصیلدار کام کرتا تھا اور اب ایک نائب
تحصیلدار بھی رکھا گیا ہے۔ حالانکہ پہلے کے تحصیلدار کی بہ نسبت اب تحصیلدار کو کام
کم کرنا پڑتا ہے۔ کیونکہ اب وہ نزاعات زرعی کے مقدمات تحت دفعہ ۸۰ کی سماعت
کا اختیار نہیں رکھتا ہے۔ حکومت کا منشاء اس سے زیادہ کچھ نہیں معلوم ہوتا کہ وہ
اپنے سیول اور پولیس کے عہدہ داروں کے ٹاپ ہیوی (Top heavy) اخراجات
کا بار عوام پر عائد کرنا چاہتی ہے۔

ٹراولنگ الونسس (Travelling Allowances) سے بھی انتہا سے
زیادہ ناجائز فائدہ حاصل کرنے کی کوشش کی جاتی ہے۔ اعلی عہدہ دار دوروں پر جاتے
ہیں تو غیر ضروری عملے کو اپنے ہمراہ لیجاتے ہیں جسکی وجہ سے ٹراولنگ الونس
کا غیر ضروری بار پڑتا ہے اور ہمارا بجٹ ان تمام غیر ضروری اخراجات کو برداشت کرتا

جاتا ہے ۔ ... سیاسی بحث ہے ۔ حکومت کا کام ہے کہ عوام کی تعلیم کا انتظام کرے ۔
... کا انتظام کرے ۔ سڑکوں کا انتظام کرے اور اسی قسم کے عوام کو فائدہ پہنچانے
والے مسائل قائم کرے ۔ اس وقت تک یہ بحث روائتی بحث نہیں کہلاسکتا ۔ ہر چیز کو
... کی تھیسس کی جاتی ہے ۔ کہا جاتا ہے کہ اکسپلائٹیشن (Exploitation)
کیا گیا ہے ۔ بار بار کہتے ہیں اکسپلائٹیشن اکسپلائٹیشن ۔ وہ وقت بھی آئیگا
یہ زمانہ جب ... فیوڈلسٹک ویوز (Feudalistic views) کو ختم کردیگا ۔ اس حکومت
نے بھی عوامی حکومت کے دیتے ... لینڈ مارٹ گیج (Land mortgage)
... کو ... ریفارمسٹ (Reformist) کہا جاتا ہے ۔
ٹیننسی ایکٹ (Tenancy Act) ایسا بنایا گیا ہے کہ اسکی وجہ سے ہر
کاشتکار ... کی ضرورت ہے ۔ اس قانون کی رو سے بہت سی پیچیدگیاں پیدا
ہوگئی ہیں ۔ معاوضہ کے بعض میں کافی دشواریاں پیدا ہوگئی ہیں جسکی وجہ سے
... میں ... اور وقت صرف کرنا پڑتا ہے ۔ یہ ہیں آپکے ریفارمس ۔ آپ
ان کو ریفارمس کہتے ہیں ۔ عوامی حکومت کو آئے ہوئے تین مہینے ہوئے ۔ اس سے
پہلے جو حکومت تھی اس میں بھی اس حکومت کے بعض ممبرس شامل تھے ۔ ان کے
مشورے سے بحث بنا تھا ۔ حکومت کا آدیش (आदेश) ہمیں پبلک میں لیجانا
ہے اگر ہم ... جواب دیں اکو ... انکے کھانے کپڑے کا سوال حل ہونا ہے ۔ اسکی
گنجائش ہمیں اس بحث میں نظر نہیں آتی ۔ لینڈ مارٹ گیج بنک (Land mortgage
Bank) بھی ایک مسئلہ ہے ۔ اسکے متعلق میں یہ عرض کرونگا کہ
اس سے پہلے سنٹرل بنک وغیرہ کے ذریعہ کوآپریٹو بیسس (Co-operative basis)
پر قرضہ دیا جاتا تھا ۔ یہی طریقہ ترقی یافتہ ممالک میں ہے ۔ لیکن ہماری حکومت اپنی
ذمہ داری کو قائم کرنے کے بارےمیں سوچ رہی ہے ۔یہ لینڈ مارٹ گیج بنک اسی کی دلیل
ہے ۔ یہ کہا جاتا ہے کہ سنہ ۵۳ کے بعد کاشتکار خود زمین کا مالک ہو جائنگا ۔ دفعہ
۳۸ کے تحت اراضی خریدی جاسکتی ہے لیکن اراضی خریدنے کےلئے پیسہ چاہئے ۔ پیسہ
کہاں سے آئے کیا اراضی کو مکفول کرکے حاصل کیا جائے ؟ اسلئے میں کہونگا
کہ اس سے جاگیر دارانہ ذہنیت کا پتہ چلتا ہے ۔ عوام کے نمائندے جو یہاں منتخب
ہوکر آئے ہیں وہ بھی زیادہ تر محلوں میں پلے ہوئے ہیں ۔ محلوں میں پلنے کے بعد
انہیں غریبوں کی تکالیف کا احساس نہیں رہتا ۔ لینڈ مارٹ گیج کو ریفارمس کے طور پر
رکھا جاتا ہے ۔ اسکے بعد جاگیرات کے سلسلہ میں ریفارمس ہوئے ۔ عوامی حکومت
کے نقطہ نظر سے اسکو سامنے رکھا جاگیر ابالیشن (Abolition) ہوا ۔
عوام نے یہ خیال کیا کہ اب جاگیرات ابالش ہوگئی ہیں ہمیں اراضیات مالیگی ۔
دھاروں میں کمی ہوگی ۔ ہماری غربت دور ہوگی لیکن اب بھی انکی وہی حالت ہے
جو جاگیر داروں کے زمانے میں تھی ۔ میں اپنی کانسٹی ٹیونسی (Constituency)
کا ذکر کرتا ہوں کہ سنہ ۶۰ف سے لیکر اتنک جو بقایا جاگیر داروں کو وصول طلب
تھا اور وہ وصول کرنے کے قابل نہیں تھے اسے گورنمنٹ نے وصول کیا ۔ اس طرح
جاگیر داروں کی امداد کی گئی تو میں پوچھتا ہوں کہ کیا یہ ابالیشن (Abolition)

رعایا کے لئے کیا گیا ہے یا جاگیرداروں کے مفاد کے لئے ؟ جو رقم جاگیر دار وصول نہیں کرسکتے تھے آپ نے ان سے وصول کی اور اسکی ذمہ داری اپنے آپ پرلے لی ۔ کریمنل انوسٹی گیشن (criminal investigation) پر کافی روپیہ خرچ کیا جارہا ہے ۔ کیا نیشنل گورنمنٹ کو کریمنل انوسٹی گیشن پر اسقدر روپیہ خرچ کرنے کی ضرورت ہے ؟ سب جانتے ہیں کہ مہذب ممالک میں پولیس پر بہت کم خرچہ عاید کیا جاتا ہے ۔ سوسائیٹی کو اس طرح بنانا چاہئے کہ وہ پولیس اور عدالت کے جھگڑوں میں پڑنے سے باز آئے اور اس طرح عدالتوں میں اپنا روپیہ ناجائز خرچ نہ کرے ۔ میں آپ سے چوروں کا ایک قصہ بیان کرنا چاہتا ہوں ۔ وہ یہ کہ جب چار پانچ چور ملکر کہیں ڈاکہ ڈالتے ہیں تو . . . .

مسٹر ڈپٹی اسپیکر ۔ اب ایک بج چکا ہے ۔ میرے خیال میں آنریبل ممبر اپنی اسپیچ کو اور اس قصہ کو کل پر اٹھا رکھیں تو مناسب ہوگا ۔

شریمتی شاہ جہاں بیگم ۔ کم از کم ہمیں چوروں کا قصہ سن لینے دیجئے تاکہ یہ تو معلوم ہو جائے کہ کہاں کہاں ڈاکہ مارا گیا ۔

مسٹر ڈپٹی اسپیکر ۔ ایک بج چکا ہے ۔ اوس قصہ کو کل سن لیجئے ۔

The House then adjourned till Nine of the clock on Wednesday, 18th June, 1952